شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

27اگست2024ء

پریس ریلیز

بلوچستان میں ایک ہی دن میں کئی خوفناک دہشت گرد حملوں میں 40سے زائد افراد کی شہادت انتہائی ہولناک ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): بلوچستان میں ایک ہی دن میں کئی خوفناک دہشت گرد حملوں میں 40 سے زائد افراد کی شہادت انتہائی ہولناک ہے۔یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنھوں نے کہا کہ 26اگست 2024ء ملکی تاریخ میں ایک سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا جب بی ایل اے کے دہشت گردوں نے ایک خوفناک منصوبہ کے تحت مستونگ، پسنی اور سنتسر میں لیویز اور پولیس اسٹیشنوں کو نشانہ بنایا گیا۔سیب، پنجگور، تربت، بیلا اور کوئٹہ میں بم دھماکے اور دستی بموں سے حملے کئے۔قلات میں گیارہ اور بولان میں چھ افراد کو شہید کیا جن میں سیکیورٹی اہلکار بھی شامل تھے۔موسیٰ خیل میں ایک انسانیت سوز واقعہ میں بی ایل اے کے دہشت گردوں نے ایک مسافر بس کو روکا، مسافروں کو اتار کر ان کے شناختی کارڈ چیک کیے اور پنجاب سے تعلق ہونے پر 23بے گناہ مسافروں کو بیدردی سے شہید کر دیا۔اناللہ واناالیہ راجعون!اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت فرمائے اور زخمیوں کو شفائے کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔آمین!امیر تنظیم نے کہا کہ کون نہیں جانتا کہ بی ایل اے کے دہشت گردوں کو بھارت اور چند مغربی ممالک کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ ہماری سیکورٹی اور انٹیلی جنس ایجنسیاں جن پر ملک کا زرِ کثیر صرف ہو رہا ہے ملک میں دہشت گردی کے اتنے خوفناک منصوبے کو ناکام بنانے میں کامیاب کیوں نہ ہو سکیں؟ بہرحال پاکستان کے سیکورٹی اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ضرورت ہے۔اپنے آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے صرف اپنی طے شدہ پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرنے پر توجہ دیں اور چاک و چابند رہ کر ملکی سلامتی پر پہرہ دیں۔حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے اندونی اور بیرونی دشمن بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کو بگاڑنے کے لیے اپنے دہشت گرد نیٹ ورک کا استعمال کر رہے ہیں اور قید شدہ بھارتی جاسوس کلبھوشن جادھو بھی اسی نیٹ ورک کا حصہ تھا۔انہوں نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ ہمارے دشمن قوم میں ایک مرتبہ پھر صوبائی تعصب اور فرقہ واریت کے بیج بو کر ہمیں آپس میں لڑانا چاہتے ہیں۔امیر تنظیم نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوراً دہشت گردی کے ان بھیانک اور ظالمانہ واقعات کے ذمہ داروں کی شناخت کرے۔انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ان کے بیرونی پشت پناہوں کو سبق سکھایا جائے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان